قولون (بڑی آنت) کا ٹیسٹ کرائیں!

والٹر: نینسی،ڈاکٹر کے دفتر سے اگلے ہفتہ ہماری ملاقات کے لیے فون آیا ہے۔ یہ کس لیے ہے؟

نینسی: ہم نے اس پر بات کی ہے! چونکہ ہم دونوں اب 50 کے ہو گئے ہیں، ہمیں قولون کینسر کے لیے ٹیسٹ کرانا ہیں۔

والٹر: ایمانداری کی بات ہے کہ میرا خیال تھا تم یہ بھول گئی ہوگی۔

نینسی: خیر، بھول تو نہیں گئی میں۔ میں نے معائنہ کا وقت کئی ہفتے پہلے مقرر کرایا ہے۔ اگلے منگل کے لیے کوئی پروگرام نہیں رکھنا۔

والٹر: تم مطمئن ہو کہ یہ ہمیں کرانا پڑے گا۔ اتنا بڑا مسئلہ کیا ہے؟

نینسی: بڑا مسئلہ ہے کینسر! یاد ہے،جب جان کو کینسر ہو گیا تو اس کے خاندان کی کیا حالت ہو گئی۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اگر میں کبھی تم سے محروم ہو گئی تو کیا کروں گی۔

والٹر: ایسا ہمیں سوچنا ہی نہیں چاہئے۔

نینسی: تو ٹھیک ہے۔ ہم دونوں قولون ٹیسٹ کرائیں گے۔ اس طرح، اگر انہیں کوئی زائدہ سا نظر آیا، وہ اس کو ہٹا سکیں گے اور اس کو کینسر نہیں بننے دیں گے!

والٹر: ٹھیک ہے۔ بات یہ ہے کہ وہ جس طرح یہ ٹیسٹ کرتے ہیں مجھے اچھا نہیں لگتا۔

نینسی: اتنا برا بھی نہیں ہے۔ اور یہ جان کا بچاؤ ہے۔

کیا آپ جانتے تھے؟

- بڑی آنت (قولون) کے لیے کئی ٹیسٹ ہیں۔ اپنے ڈاکٹر سے بات کریں کہ آپ کے لیے کون سا مناسب ہے۔
- قولونوسکوپی کسی بھی زائدہ (جنہیں پالپ کہتے ہیں) کا پتا لگا سکتے ہیں اس سے پہلے کہ وہ کینسر میں تبدیل ہو جائیں۔
- اگر آت کی آنت کے آخری حصہ سے خون آتا ہے یا فضلے میں خون ہو تا ہے، تو ڈاکٹر سے بات کریں۔

قولون کینسر کی معلومات کے لیے کال کریں:

1.800.227.2345

Get help anytime.

1.800.227.2345 / www.cancer.org

American Cancer Society®

© 2012 by the American Cancer Society, Inc. Available at www.cancer.org/easyreading. COL.URD.0406